سوال

(542) بغیر رفع الیدین نماز کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص جوکہ حنفی مسلک سے تعلق رکھتا ہے، وہ سورہ فاتحہ امام کے پیچھے پڑھتا ہے۔ دیگر نماز کے اہم بنیادی ارکان کو سنت کے مطابق کرتا ہے، لیکن رفع الیدین نہیں کرتا۔ کیا اس کی نماز ہوگی یا نہیں؟ یا کہ صرف اس سنت کے ثواب وفضیلت سے محروم ہوجائے گا۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکور شخص کی نماز تو رفع یدین کے بغیر ہو جائے گی۔ لیکن اس کو التزام سنت کی تبلیغ وترغیب واہمیت کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔ لَعَلَّ اللَّـهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذَٰلِكَ أَمْرًا

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:475

محدث فتویٰ